ISSN 2977-3555
روزنامہ
# صحافت
برمنگھم
باخبر، باثر حقیقتوں کا پیام بر
www.sahafat.in/uk
Birmingham Edition U.K.
Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun
Volume No.03, Issue No.6 , Sunday 13 July, 2025, 8 Pages
جلد نمبر (۳)، شمارہ نمبر (٦)، بروز اتوار، ۱۳ر جولائی، ۲۰۲۵ء، ۱۷ر محرم الحرام، ۱۴۴۷، ۸ صفحات



مراکش کے ہزاروں عوام کا فلسطین سے یکجہتی کا اظہار، نسل کشی کے خلاف مظاہرے ص:08






## غزہ پر قابض اسرائیل کا تازہ ترین قتل عام، چوبیس گھنٹوں میں 61 شہید 31 زخمی



غزہ: فلسطین کے مظلوم عوام پر قابض اسرائیل کی مسلسل اور بے رحم درندگی رکنے کا نام نہیں لے رہی۔ تازہ رپورٹ کے مطابق صرف گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران غزہ پر وحشیانہ بمباری کے نتیجے میں 61 فلسطینی شہید اور 31 شدید زخمی ہو گئے۔

جمعہ کے روز فلسطینی وزارت صحت نے بتایا کہ شہداء میں وہ محنت کش بھی شامل ہیں جو صرف اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کے لیے رزقِ حلال کی تلاش میں نکلے تھے۔ ان مظلوموں میں سے 6 شہداء ہسپتالوں میں پہنچائے گئے اور 20 سے زائد شدید زخمیوں کو طبی امداد دی جارہی ہے۔ اس طرح قابض اسرائیل کے حملوں میں امداد کے حصول کے دوران شہید ہونے والے شہریوں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 788 ہوگئی ہے جب کہ زخمیوں کی تعداد 5 ہزار 199 تک جا پہنچی ہے۔ وزارت کے مطابق 18 مارچ سنہ 2025ء سے اب تک غزہ میں شہداء کی تعداد 7 ہزار 261 تک جا چکی ہے اور زخمیوں کی تعداد 25 ہزار 846 ہوگئی ہے۔

قابض اسرائیل کی جانب سے 7 اکتوبر سنہ 2023ء کو شروع ہونے والی نسل کش جنگ نے اب تک 57 ہزار 823 فلسطینیوں کو شہید اور 1 لاکھ 37 ہزار 887 کو زخمی کر دیا ہے۔ ان میں اکثریت معصوم بچوں، ماؤں، بوڑھوں اور بے قصور شہریوں کی ہے جن کا جرم صرف فلسطینی ہونا تھا۔ وزارت صحت کا کہنا ہے کہ اب بھی کئی شہداء ملبے تلے دبے ہوئے ہیں اور متعدد لاشیں سڑکوں پر پڑی ہیں، مگر قابض اسرائیل کی بمباری اور تباہ شدہ راستوں کے باعث امدادی ٹیمیں نہ تو ان تک پہنچ پا رہی ہیں نہ ان کی شناخت ممکن ہو رہی ہے۔

غزہ کی وزارت صحت نے ان کربناک حالات میں شہداء اور لاپتہ افراد کے لواحقین سے اپیل کی ہے کہ وہ سرکاری ریکارڈ کی تکمیل کے لیے فراہم کردہ آن لائن لنک کے ذریعے اپنی معلومات درج کرائیں۔

## عدالت نے جنوبی کیلیفورنیا میں کسی وجہ کے بغیر امیگریشن کی گرفتاریاں روکنے کا دیا حکم

واشنگٹن (یو این آئی) امریکہ کی ایک وفاقی عدالت نے پایا کہ محکمہ ہوم لینڈ سیکورٹی (ڈی ایچ ایس)، لاس اینجلس میں امیگریشن چھاپوں کے دوران بغیر کسی ممکنہ وجہ کے لوگوں کو روک رہا ہے اور گرفتار کر رہا ہے اور محکمے کو حکم دیا ہے کہ صرف نسل، زبان یا پیشہ کی بنیاد پر افراد کو حراست میں لینا بند کیا جائے۔ سابق صدر جو بائیڈن کے ذریعہ مقرر کردہ امریکی ڈسٹرکٹ جج مام ایووسی-میئنہ فرمپونگ نے حکم دیا کہ ڈی ایچ ایس افسران کے لیے رہنما اصول تیار کریں تاکہ وہ "معقول شکوک" کا تعین کر سکیں۔ یہ فیصلہ جنوبی کیلیفورنیا کے اے سی ایل یو کی جانب سے ٹرمپ انتظامیہ کے خلاف پانچ افراد اور امیگریشن ایڈوکیسی گروپس کی جانب سے مقدمہ دائر کرنے کے بعد سامنے آیا ہے، جس میں یہ الزام لگایا گیا تھا کہ ڈی ایچ ایس نے غیر آئینی گرفتاریاں کی ہیں۔

## مشرق وسطیٰ میں امریکی اڈوں کو دوبارہ نشانہ بنا سکتے ہیں: آیت اللہ خامنہ ای



تہران (یو این آئی) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے امریکہ کو دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں امریکی اڈوں کو دوبارہ نشانہ بنا سکتے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای نے گزشتہ ماہ قطر میں امریکی اڈے کو نشانہ بنائے جانے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ العدید اڈے پر حملہ معمولی واقعہ نہ تھا بلکہ یہ بہت بڑا کارنامہ تھا، ایسا دوبارہ بھی ممکن ہے۔

آیت اللہ علی خامنہ ای کا کہنا تھا خطے میں امریکی اڈوں تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز پینٹاگون نے بھی اس بات کی تصدیق کی تھی کی 23 جون کو ایران کی جانب سے کیے گئے حملے میں ایک بیلسٹک میزائل العدید اڈے پر کمیونیکیشن ڈوم پر گرا تھا، جس کی سیٹلائٹ تصویر بھی اب سامنے آچکی ہے۔ ایران کی جانب سے العدید اڈے پر حملے کے کچھ ہی دیر بعد امریکہ کے چیئرمین آف جوائنٹ چیفس جنرل ڈین کین نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ امریکہ ایران کی جانب سے حملے سے آگاہ تھا۔




